## اٹھائیسویں شب کے اعمال اور دعائیں:

۱۔ غسل جوکہ آخری عشرے کی تمام راتوں میں مستحب ہے۔

۲۔ تیس رکعت نماز اور اس کی دعائیں، اس طرح سے کہ آٹھ رکعت نماز مغرب اور عشا کے درمیان پڑھی جائے اور بائیس رکعت نماز عشا کے بعد پڑھی جائے۔ اس تیس رکعت نماز اور اس کی دعاوں کی کیفیت پہلے بیان ہو چکی ہے، بیس رکعت کی کیفیت اس مہینے کی پہلی رات اور دس رکعت کی کیفیت انیسویں رات کے اعمال میں بیان ہے۔

۳۔ اس رات کی مخصوص دعائیں مندرجہ ذیل ہیں:

### ۱۔ محمد ابن ابی قرہؒ سے مروی اس رات کی دعا:

يَا خَازِنَ اللَّيْلِ فِي الْهَوَاءِ وَ خَازِنَ النُّورِ فِي السَّمَاءِ وَ يَا مَانِعَ السَّمَاءِ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ

اے رات کو ہوا میں رکھنے والے، اے روشنی کو آسمان میں رکھنے والے اور آسمان کو زمین پر گرنے سے روکنے والے مگر اس کے اذن سے اور وہ ان

إِلَّا بِإِذْنِهِ وَ حَابِسَهُمَا أَنْ تَزُولَا يَا حَلِيمُ يَا عَلِيمُ يَا دَائِمُ يَا اللهُ يَا قَرِيبُ يَا اللهُ يَا بَاعِثَ مَنْ فِي

دونوں کو برقرار رکھتا ہے کہ ہٹ نہ جائیں، اے بردبار، اے بہت جاننے والے، اے دائم، اے اللہ، اے قریب، اے مردوں کو قبروں سے اٹھانے

الْقُبُورِ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا اللهُ يَا اللهُ لَكَ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ وَ الْأَمْثَالُ الْعُلْيَا وَ

والے، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ تیرے لیے اچھے اچھے نام بلند ترین اوصاف اور بڑائی، مہربانیاں اور

الْكِبْرِيَاءُ وَ الْعَظَمَةُ وَ الْآلَاءُ وَ النَّعْمَاءُ أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ إِنْ كُنْتَ قَضَيْتَ

نعمتیں ہیں۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام اللہ رحمٰن ورحیم سے کہ اگر تو نے اس رات میں فرشتوں اور روح کو ہر حکمت آمیز حکم کے ساتھ نازل

فِي هَذِهِ اللَّيْلَةِ تَنَزُّلَ الْمَلَائِكَةِ وَ الرُّوحِ مِنْ كُلِّ أَمْرٍ حَكِيمٍ فَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ اجْعَلِ

کرنے کا فیصلہ فرمایا ہے تو محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما، آج کی رات میں مجھے نیکوکاروں کے زمرے میں شمار فرما، میری روح کو شہیدوں کے ساتھ

اِسْمِي فِي السُّعَدَاءِ وَ رُوحِي مَعَ الشُّهَدَاءِ وَ إِحْسَانِي فِي عِلِّيِّينَ وَ إِسَاءَتِي مَغْفُورَةً وَ أَنْ تَهَبَ لِي

قرار دے، میری اطاعت کو مقام علیین میں پہنچا اور میری برائی کو معاف شدہ قرار دے اور مجھے وہ یقین دے جو میرے دل میں بسا رہے اور وہ ایمان

يَقِيناً تُبَاشِرُ بِهِ قَلْبِي وَ إِيمَاناً يَذْهَبُ بِالشَّكِّ عَنِّي وَ أَنْ تُرْضِيَنِي بِمَا قَسَمْتَ لِي وَ آتِنِي فِي الدُّنْيَا

دے جو شک کو مجھ سے دور کردے اور مجھے اس پر راضی بنا جو حصہ تو نے مجھے دیا اور مجھے دنیا اور آخرت کی نیکی اور بھلائی عطا فرما اور مجھے آگ کے

حَسَنَةً وَ فِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَ قِنِي عَذَابَ النَّارِ وَ ارْزُقْنِي يَا رَبِّ فِيهَا ذِكْرَكَ وَ شُكْرَكَ وَ الرَّغْبَةَ وَ

عذاب سے بچا اور مجھے اس رات میں ہمت دے کہ تجھے یاد کروں، تیرا شکر بجالاؤں، تیری طرف توجہ رکھوں، تیری طرف پلٹوں اور توبہ کروں اور مجھے

الْإِنَابَةَ إِلَيْكَ وَ التَّوْبَةَ وَ التَّوْفِيقَ لِمَا وَفَّقْتَ لَهُ شِيعَةَ آلِ مُحَمَّدٍ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ وَ لَا تَفْتِنِّي

اس عمل کی توفیق دے جس کی توفیق تو نے شیعیان آل محمد کو دی، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔ جس چیز کو تو نے مجھ سے دور رکھا ہے اپنی طاقت

بِطَلَبِ مَا زَوَيْتَ عَنِّي بِحَوْلِكَ وَ قُوَّتِكَ وَ أَغْنِنِي يَا رَبِّ بِرِزْقٍ وَاسِعٍ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ

اور قوت سے مجھے اس کی طلب اور خواہش کے امتحان میں نہ ڈال، اے رب مجھے اپنے حلال وسیع رزق کے ذریعے اپنے حرام سے بے نیاز کر

ارْزُقْنِي الْعِفَّةَ فِي بَطْنِي وَ فَرْجِي وَ فَرِّجْ عَنِّي كُلَّ هَمٍّ وَ غَمٍّ وَ لَا تُشْمِتْ بِي عَدُوِّي وَ وَفِّقْ لِي لَيْلَةَ

دے، مجھے شکم اور شرمگاہ کی پاکیزگی و عفت عطا فرما، مجھے ہر غم اور پریشانی سے نجات عطا فرما، میرے دشمن کو مجھ پر خوش ہونے کا موقع نہ دے اور مجھے

الْقَدْرِ عَلَى أَفْضَلِ مَا رَآهَا أَحَدٌ وَ وَفِّقْنِي لِمَا وَفَّقْتَ لَهُ مُحَمَّداً وَ آلَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمُ

ہر ایک سے بڑھ کر بہترین حالت میں شب قدر نصیب فرما اور مجھے توفیق دے اس عمل کی جس کی توفیق تو نے محمد اور آل محمد علیہم السلام کو عطا فرمائی ہے اور

السَّلَامُ وَ افْعَلْ بِي كَذَا وَ كَذَا السَّاعَةَ السَّاعَةَ۔

میرے ساتھ اسی رات اسی ابھی ابھی یہ یہ سلوک فرما۔

اور الساعۃ ( اسی وقت ) کو سانس کے منقطع ہونے تک دہراتا رہے۔

بنابر ایک روایت اس دعا میں یہ جملے مذکور ہیں:

أَسْأَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ أَنْ تَهَبَ لِي قَلْباً خَاشِعاً وَ لِسَاناً صَادِقاً وَ جَسَداً

میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ محمد اور آل محمدؐ پر رحمت فرما، مجھے عاجزی وانکساری کرنے والا دل، سچی زبان اور صابر بدن عنایت فرما اور

صَابِراً وَ تَجْعَلَ ثَوَابَ ذٰلِكَ الْجَنَّةَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ۔

اس کا ثواب جنت قرار دے، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

**۲۔اس رات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی دعا:**

آمَنَّا بِاللّٰهِ وَ كَفَرْنَا بِالْجِبْتِ وَ الطَّاغُوتِ آمَنَّا بِمَنْ لَا يَمُوتُ آمَنَّا بِمَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرَضِينَ

ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں اور بتوں اور طاغوت سے انکار کیا ہے، ہم اس پر ایمان لائے ہیں جس کو کبھی موت نہیں آئے گی، ہم اس پر ایمان لائے ہیں جس نے

وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُومَ وَ الْجِبَالَ وَ الشَّجَرَ وَ الدَّوَابَّ وَ خَلَقَ الْجِنَّ وَ الْإِنْسَ آمَنَّا بِمَا أُنْزِلَ

آسمانوں، زمینوں، سورج، چاند، ستاروں، پہاڑوں، درختوں اور جانوروں کو پیدا کیا ہے اور جنوں اور انسانوں کو خلق کیا ہے۔ ہم اس پر ایمان لائے جو ہماری طرف اور جو

إِلَيْنَا وَ أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَ إِلٰهُنَا وَ إِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَ نَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ آمَنَّا بِرَبِّ هَارُونَ وَ مُوسىٰ آمَنَّا بِرَبِّ

تمہاری طرف نازل کیا گیا۔ ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہے اور ہم اس کے سامنے تسلیم ہیں۔ ہم ہارون اور موسیٰ کے رب پر ایمان لائے ہیں، ہم فرشتوں اور روح کے رب

الْمَلَائِكَةِ وَ الرُّوحِ آمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ آمَنَّا بِمَنْ أَنْشَأَ السَّحَابَ وَ خَلَقَ الْعِبَادَ وَ

پر ایمان لائے ہیں، ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں جو اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے، ہم اس پر ایمان لائے ہیں جس نے بادلوں کو پیدا کیا ہے اور جس نے بندوں کو اور

الْعَذَابَ وَ الْعِقَابَ آمَنَّا آمَنَّا آمَنَّا آمَنَّا آمَنَّا بِاللّٰهِ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَ آلِ

عذاب وعقاب کو خلق کیا ہے۔ ہم ایمان لائے ہیں، ہم ایمان لائے ہیں، ہم ایمان لائے ہیں، ہم ایمان لائے ہیں، ہم ایمان لائے ہیں اللہ پر۔

مُحَمَّدٍ وَ تَجَاوَزْ عَنِّي إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ۔

اے ہمارے رب ہمارے گناہوں کی مغفرت فرما بحق محمد وآل محمد مجھ سے درگزر فرما، بے شک تو بخشنے والا مہربان ہے۔